بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿حاملہ عورتوں کے لئے چند اعمال﴾

(۱)**پہلے ماہ سے تیسرے ماہ تک:** سورۂ آل عمران (پارہ نمبر ۳) ۳۳ آیتیں، اور سورۂ طور (پارہ نمبر ۲۷) پڑھتے رہیں۔

(۲)**چار ماہ سے چھ ماہ تک:** سورۂ یوسف (پارہ نمبر ۱۲) پڑھتے رہیں۔ **(فائدہ: بچہ خوبصورت پیدا ہو گا)**

(۳)**سات ماہ سے نو ماہ تک:** سورۂ مریم پڑھتے رہیں۔ **(فائدہ: زچگی میں آسانی ہو گی)**

(۴)**ہر نماز کے بعد:** "یَارَقِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ" سات مرتبہ پڑھیں، اور اپنے اوپر دم کر لیں۔ **(فائدہ: حمل کی حفاظت ہو گی)**

(۵)**روزانہ:** سو مرتبہ "یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ" پڑھیں۔ **(فائدہ: بچہ خوش مزاج اور پرہیز گار پیدا ہو گا)**

(۶)**پیٹ درد کرنے پر:** آیت الکرسی تین مرتبہ، سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھ کر دم کریں۔

(۷)حاملہ عورت نمازوں کا اہتمام کریں اور بدعات سے بچتی رہیں۔

(۸)**روزانہ:** سورۂ محمد پڑھیں۔ **(فائدہ: آپ ﷺ کی سنتوں پر چلے گا)**

(۹)**آخری ماہ میں:** روزانہ ایک یا دو کھجور کھانا چاہیئے۔ **(فائدہ: زچگی میں آسانی ہو گی)**

(۱۰)حاملہ عورت کو "یَاقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُہٗ" پانی پر دم کر کے دیں۔

(۱۱)**روزانہ:** ایک سو اکیس مرتبہ "یَاقَوِیُّ" پانی پر دم کر کے پئیں۔ **(فائدہ: بچہ طاقتور پیدا ہو گا)**

(۱۲)حضرت فاطمہؓ فرماتی ہیں: مجھے دردِ زہ شروع ہوا، اور ولادت کا وقت قریب آیا تو حضور ﷺ نے حضرت سلمہؓ کو کہلوا بھیجا، آیت الکرسی اور چار قل (سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس) پڑھ کر پیٹ پر دم کریں۔ **(فائدہ: بچہ آسانی سے پیدا ہو گا)**

(۱۳)سیب کھانے سے بچہ خوبصورت پیدا ہوتا ہے۔

(۱۴)وٹانہ، چولی، شکر، کھوپرا کھانے سے الٹیاں کم ہو گی، اور زچگی میں آسانی ہو گی، اور بچہ کی چمڑی پر گرمی سے حفاظت ہو گی۔

(۱۵)حاملہ عورت زیادہ نہ سوئے، ہر روز سبزیاں کھاتی رہیں، گرم چیزوں سے پرہیز کریں، گرم دوائیں نہ کھائیں، ککڑی کھائیں اور دودھ پیتی رہیں۔

(۱۶) صبح اور مغرب کی نماز کے بعد "یَامَلِكُ یَاقُدُّوْسُ" گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ **(فائدہ: ڈاکٹر کے شر سے حفاظت ہو گی)**

﴾بچہ کے پیدائش کے وقت کے اعمال﴿

(۱)بچہ پیدا ہوتے ہی سفید کپڑے میں لپیٹ کر ہاتھ میں لیں اور سلام کریں۔

(۲)سات مرتبہ سورۂ یٰس پڑھ کر دم کریں۔**(فائدہ: بچہ سیرت مند اور عقلمند ہوگا)**

(۳)کسی اللہ والے سے تحنیک کرائیں۔(کھجور کے رس کے ساتھ زم زم کے پانی کے دو بوند ڈالیں)

(۴)بچہ کی مالش کرنے کے تیل پر سورۂ حاقہ (پارہ نمبر ۲۹) پڑھ کر دم کریں۔**(فائدہ: زہرلی چیزوں کے کاٹنے سے حفاظت ہوگی)**

(۵)بچہ کو ماں کے گود میں دیا جائے، پہلے سلام کریں اور کلمۂ طیبہ پڑھیں۔**(فائدہ: بچہ کا ایمان مضبوط ہوگا)**

(۶)بچہ کے سامنے ٹی وی، موبائل سے پرہیز کریں، اللہ کا ذکر کرتی رہیں، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچیں۔

(۷)روزانہ منزل کا اہتمام کریں۔

نوٹ: مندرجۂ بالا اعمال اور وظائف اللہ کے نیک بندوں کے مجربات میں سے ہیں۔

ان اعمال اور وظائف کے ساتھ ساتھ گناہوں سے بچتے رہیں، اس لئے کہ گناہوں کے ساتھ اعمال اور وظائف کی برکتیں ختم ہو جاتی ہیں۔

ناشر: مجلس اشاعۃ السنۃ ماپسا گوا
www.islahedill.com